Ê ...تھائیرائڈ ایک خاموش موت

تھائیرائڈ ایک خاموش موت... Ê

آئیے پہلے تھائیرائیڈزم کے بارے میں جانتے ہیں پھر پہچان اور علاج کی بات کرینگے...

ہمارے دماغ کے نیچے ایک
Pituitary gland
ہوتا ہے جس سے TSHیعنی تھائیرائیڈ گلینڈ کو تحریک دینے والا ہارمون نکلتا ہے یہ ہارمون تھائیرائیڈ گلینڈ کو ہدایت دیتا ہے کہ کس مقدار میں اور کونسا ہارمون (T3, T4) نکالنا ہے... T3, T4 کا کام ہمارے جسم کی نشوونما کرنا ہے. موٹاپا جسم میں کتنا ہونا چاہیے. غذا کو ہضم کرنا. metabolism کو بہتر رکھنا وغیرہ...

تھائیرائیڈ اگر کسی کو ہو جائے تو اس کا مطلب ہے اس کے تھائرائیڈ گلینڈ سے T3, T4 ہارمون مناسب مقدار میں نہیں نکل رہا ہے.
ہارمون صحیح مقدار میں نہ نکل پانے کے سبب جو ہمارے دماغ سے TSH ہارمون نکلتا ہے اس کی مقدار زیادہ ہونے لگتی ہے جسے T3, T4 ہارمون کو بیلنس کرنا ہوتا ہے. اب اگر TSH ہارمون کا لیول 5.5 سے زیادہ ہوتا ہے تو تھائیرائیڈ کا عارضہ لاحق ہونے لگتا ہے...

تھائیرائیڈ کی ایک خاص پہچان میں آپکو بتاتا ہوں...

اگر کسی کو تھائیرائیڈ ہو تو اسکا Body Temperature ناپیے. عام لوگوں سے تھائیرائیڈ کے مریض کا ٹمپریچر یقینی طور پر کم ہوگا...

صبح سویرے جاگنے کے فورا بعد اپنا Body Temperature ہر روز ناپیے، اگربتدریج کم ہوتا جائے تو آپ تھائیرائیڈ کے شکار ہیں...

تھائیرائیڈ کے سبب جسم کزور ہونے لگتا ہے. ٹھنڈ کا احساس زیادہ ہونے لگتا ہے. ہاتھ پاوں ٹھنڈے رہتے ہیں. بال جھڑنے لگتے ہیں. بھوک کم ہوجاتی ہے. قبض کی شکایت ہوجاتی ہے. ہر وقت تھکن کا احساس ہوتا ہے. دماغی پریشانی. ہاتھوں اور پیروں میں سوجن سر گردن اور جوڑوں میں درد، دماغ اور جسم کی پرورش رک جاتی ہے. کبھی کبھی چہرے پر سوجن اور آوازمیں بھاری پن آجاتاہے...

جسم کاقدرتی دفاعی نظام یعنی ایمیونیٹی پاور یعنی بیماری سے لڑنے کی طاقت کمزور پڑنے لگتی ہے. گردن کے دونوں طرف سوجن اجاتی ہے. جسم میں آئیوڈین کی کمی وغیرہ ہائپو میں وزن بڑھنے لگتا ہے. ہائپر میں جسم سوکھنے لگتا ہے وزن کم ہونے لگتا ہے...

تھائیرائیڈ ایک موذی ترین بیماری ہے جو انسان کو موت سے ہمکنار کر دیتا ہے. طب کی زبان میں تھائیرائیڈ کو "خاموش موت" کہا جاتا ہے. Silent Death.....

تھائیرائیڈ کی دو قسمیں ہیں...
Hyper Thyroidism.1
ھائیپر تھائیرائیڈ
Hypo Thyroidism .2
ھائیپو تھائیرائیڈ

آسان زبان میں کہیں تو دونوں کی پہچان یہ ھے کہ ھائیپر تھائیرائیڈ میں جسم سوکھنے اور وزن کم ہونے لگتا ہے اور ھائیپو تھائیرائیڈ میں جسم پھولنے اور وزن بڑھنے لگتاہے. دونوں کاعلاج بروقت نہ کیا جائے تو ایک دن اچانک موت ہوجاتی ہے...

میرے پاس ایک مریضہ اپنے شوہر کے ساتھ آئی، اس کا شوہر پڑھا لکھا بالکل نہیں تھا مگر خود کو ڈاکٹر سے زیادہ عقلمند سمجھتا تھا. میں نے مریضہ کی تشخیص کے بعد بتایا کہ اسے ھائیپو تھائیرائیڈ ہے. جس کا علاج تھوڑا مشکل ہے تقریبا دوماہ میں اس کا علاج ہوجائےگا. اس کے شوہر نے مجھ سے بحث شروع کردی اس نے کہا کہ اپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ میری بیوی کو تھائیرائیڈ ھے...؟

میں نے تھرمامیٹر نکالا اور کہا کہ یہاں آپ کی چار سال کی بیٹی ہے آپ ہیں اور آپ کی بیوی ہے. اب میں تینوں کاٹمپریچرچیک کرونگا اور دعوی کرتا ہوں کہ اپ کی بیوی کا ٹمپریچر سب سے کم ہوگا...

پھر میں نے اس کے شوہر کو تھرمامیٹر لگایا. اس کو 98.3 تھا. اس کی چار سالہ بیٹی کو 98.6 تھا اور اسکی بیوی یعنی تھائیرائیڈ کی مریضہ کا باڈی ٹمپریچر 96.6 تھا...

میں نے کہا:
اب یقین آیا...؟

اگر اب بھی یقین نہ ہوتو پیسے خرچ کرکے میڈیکل ٹیسٹ کرالو تسلی ہوجائے گی...

بہر حال علاج شروع ہوا. ہر تیسرے دن میں مریضہ کو بلاتا تھا. مریضہ اپنی غربت اور شوہر کی سختی کا رونا روتی. میں نے کہا پیسوں کی بات نہیں ہے بعد میں دے دینا مگر علاج مت چھوڑنا...

علاج چلتا رہا اور وہ بتدریج صحت مند ہوتی رہی. چہرے کا رنگ نکھر آیا. جسم کا وزن کم ہوگیا. بھوک اچھی ہوگئی. قبض کی شکایت دور ہوگئی. بالوں کا جھڑنا بندہوگیا. آنکھوں کی روشنی پہلے سے بہتر ہوگئی...

ڈیڑھ ماہ کے علاج کے بعد میں نے کہا اب اپنا میڈیکل ٹیسٹ کرالو. ٹیسٹ میں رپورٹ نارمل آئی...

شوہر کے سامنے میں نے دوبارہ تینوں کا باڈی ٹمپریچر چیک کیا. مریضہ کا باڈی ٹمپریچر اب 98.6 تھا...

اب یہ الگ بات ہے کہ شوہر نے اس بات پہ پھر جھگڑا کیا کہ ڈیڑھ ماہ مسلسل علاج کا ڈیڑھ ہزار کیسے ہوگیا اور وہ ایک روپے دیے بغیر چلاگیا...

بہرکیف میں آپ کو تھائیرائیڈ کی دوا لکھتا ہوں. ویسے میں مقامی لوگوں سے تھائیرائیڈ ٹھیک ہونے کا علاج گارنٹی سے کرتا ہوں.
تین ہزار روپے لیتا ہوں. تین ماہ کی دوا دیتا ہوں.اگر میڈیکل ٹیسٹ میں رپورٹ نارمل نہ آئے تو پورے پیسے واپس اور مریض کو

اس بات کی پوری آزادی ہوتی ہے کہ وہ جہاں سے چاھے اپنا ٹیسٹ کرائے. لیکن ابھی تک اللہ کے کرم سے پیسے واپس کرنے کی نوبت نہیں آئی...

میں علاج میں کچھ مکسچر اور کچھ سنگل ریمیڈی استعمال کرتا ہوں. میرا گارنٹی والا علاج الگ ہوتا ہے.

(1)ھائیپو کیلیے

Bromium 6
Thyroidinum 200

ھائیپر کیلیے

Iodum 200

(2) مکسچر

Cal. f. 200
Iodium.200
Conium.200

ایک ہفتہ صبح شام پھر روزانہ ایک خوراک پانچ گولیاں.

خوراک میں ادرک، دودھ، دہی کا زیادہ استعمال کریں.

گوشت، گوبھی، بیگن اور دیگر قابض اشیا ترک کریں.

نوٹ:

ھومیوپیتھک علاج ہمیشہ علامت کی بنیاد پر ہوتا ھے. علامت نظرانداز کردی جائے تو فائدہ تو ہوگا مگر مکمل نہیں یا پھر مرض لوٹ آئے گا.

TALB E DUA Ź NAVEED REHMAN
what's up 03325863430